**اپ ڈیٹ مارچ 2021**

**NYC ٹیکسی اینڈ لیموزین کمیشن (NYC Taxi and Limousine Commission) کی جانب سے نیک خواہشات۔**

**<u>میڈلین ٹیکسی مالکان کی امداد کا منصوبہ</u>**

COVID-19 سے قبل، نیویارک شہر کے ٹیکسی سیکٹر نے نمایاں مالی بحران کا سامنا کیا، جس میں COVID-19 کی وباء کے باعث اضافہ ہو گیا۔ چونکہ میں نے فروری 2020 کے وسط میں بطور کمشنر خدمات کا آغاز کیا، میں نے میڈیلین مالکان اور TLC کے لائسنس یافتگان سے بات کی، کہ ہم کیسے، مل کر، اپنی عزیز صنعت کی تعمیر نو کر سکتے ہیں، ان پہلوؤں پر خاص توجہ مرکوز کرتے ہوئے جنہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے، جن میں ٹیکسیز، روایتی کالی گاڑیاں اور لائیوریز (Liveries) شامل ہیں۔ ہم نے ان طریقوں پر تبادلہ خیال کیا کہ جن سے ہم شعبہ جات میں بہتر ٹیکنالوجی اور مساوی ضابطہ کاری کو پھیلا سکتے ہیں، یہ یقینی بنانے کے ساتھ کہ ڈرائیورز اور مسافر دونوں دوران سفر COVID کے مخصوص اقدامات جیسا کہ چہرے کے نقابوں کے ساتھ ممکنہ حد تک تحفظ محسوس کریں۔

9 مارچ 2021 کو، میئر ڈی بلاسیو (de Blasio) اور میں نے شہر کی جانب سے فنڈ کردہ، $65 ملین لاگت کے میڈیلین ٹیکسی مالکان کی امداد کے منصوبے کا اعلان کیا۔ اس منصوبے کے تحت، شہر میڈیلین مالکان کو فی کس $20,000 فراہم کرے گا تاکہ وہ اپنے میڈیلین سے متعلقہ موجودہ قرض کی تشکیل نو کی خاطر اسے اس مقصد سے بطور ڈاؤن پیمنٹ استعمال کریں کہ ان کے مجموعی ڈیبٹ اور ماہانہ ادائیگیوں میں نمایاں طور پر کمی آئے۔ چونکہ ہر میڈیلین مالک کے حالات مختلف ہیں، تو بجائے اس کے کہ شہر تمام میڈیلینز کے لئے ایک من مانی قدر کا تعین کرے اور پوری مارکیٹ کو غیر یقینی خطرات سے دوچار کر دے، منصوبہ دوبارہ افہام و تفہیم کی شرائط کی خاطر درکار گنجائش فراہم کرتا ہے جو انفرادی میڈیلین مالک کے خصوصی قرض کے لئے کارگر ہے۔ جیسا کہ شہر کی معیشت کا پہیہ پھر سے رواں ہونے کو ہے تو ہر بار تشکیل نو کے بعد، اگر میڈیلین مالک کو ماہانہ ادائیگیوں میں اضافی مدد کی ضرورت ہو، تو شہر میڈیلین مالکان کو $9,000 بھی فراہم کرتا ہے تاکہ وہ اپنی چھ ماہ تک کی قرض کی ادائیگیوں کا احاطہ کر سکیں۔

بلاشبہ، ان ادائیگیوں کی اہمیت میڈیلین مالکان کے لئے $20,000 سے کہیں زیادہ ہو سکتی ہے۔ ہمیں بھروسہ ہے کہ ہمارا منصوبہ تشکیل نو کے ذریعے سے میڈیلین مالک کا ڈیبٹ سینکڑوں ملین ڈالرز تک گھٹا سکتا ہے۔ وقت قیمتی ہے، اور ہم دلچسپی رکھنے والے میڈیلین مالکان کو ترغیب دیتے ہیں کہ وہ MRP@tlc.nyc.gov پر اپنے رابطے کی معلومات کے ہمراہای میل کریں۔ دلچسپی کے حامل فریقین TLC کے مالک-ڈرائیور وسیلہ جاتی مرکز (TLC's Owner-Driver Resource Center) کے ساتھ https://portal.driverresourcecenter.tlc.nyc.gov/eligibility/ پر اپائنٹمنٹ لے کر بھی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

**<u>وبائی پےرول کے حفاظتی قرضہ جات</u>**

وبائی پےرول کے حفاظتی قرضہ جات کی مدت 31 مارچ کو ختم ہو رہی ہے، اور آپ https://www.sba.gov/ پر درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر آپ کو اپنی درخواست کے سلسلے میں معاونت کی ضرورت ہو تو آپ TLC کے مالک/ڈرائیور وسیلہ جاتی مرکز کے ساتھ اپائنٹمنٹ طے کر سکتے ہیں۔ چھوٹے کاروباری طبقے، جیسا کہ بیسز اور میڈیلین مالکان، کرائے، رہن، یا طبی رخصت جیسے اخراجات پورے کرنے کے لئے قرض کے اہل قرار پا سکتے ہیں۔ قرضہ جات وفاقی طور پر ضمانت یافتہ ہیں جن کی شرح سود تاکیدی طور پر سالانہ 1% رکھی گئی ہے اور ممکنہ طور پر اس کی چھوٹ دی جا سکتی ہے۔ کم گنجائشی ٹائم لائن کے سبب، ضروری ہے کہ آپ اپائنٹمنٹ لینے کے لئے مالک/ڈرائیور کے وسیلہ جاتی مرکز سے https://portal.driverresourcecenter.tlc.nyc.gov/eligibility/ پر فوری رابطہ کریں۔

**بس گول میز**

2 مارچ کو، TLC نے شہر بھر میں TLC کی لائسنس یافتہ بیسز کے ساتھ گول میز گفت و شنید کے ایک سلسلے کا آغاز کیا۔ یہ گول میز سیشنز بیسز کو موقع دیتے ہیں کہ وہ TLC کی نفاذ کاری، لائسنس کاری، اور پراسیکیوشن کے عملے کے ساتھ بروقت مشغول ہوں تاکہ تعمیل کے سلسلے میں موثر طور پر تعاون کر سکیں۔ بیسز سے ہمیں ملنے والا فیڈبیک TLC کے ساتھ ان کے تعلق کو مضبوط بنائے گا، نیز ہماری ایجنسی کو مزید منضبط اور باعزت طور پر نفاذ کا کام انجام دینے میں مدد دے گا۔

**چہرے کے نقاب**

TLC کے لائسنس یافتہ ڈرائیورز اور مسافرین کا تحفظ TLC کی اوّلین ترجیحات میں سے ایک ہے۔ ماسکس COVID-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کا شاندار طریقہ ہیں۔ نیویارک شہر کے محکمہ صحت کی جانب سے حالیہ رہنمائی ہمیں بتاتی ہے کہ چہرے کے دو نقاب پہننے کا عمل تہوں میں اضافہ کر کے اور اسے مزید چسپیدہ بنا کر آپ کو اضافی تحفظ فراہم کر سکتا ہے۔ آپ بیک وقت ایک کپڑے کا نقاب اور ایک ڈسپوزایبل نقاب استعمال کر سکتے ہیں۔ ڈسپوزایبل ماسک اپنے چہرے پر پہنیں، اور اس سے اوپر کپڑے کا ماسک پہنیں۔ اگر آپ KN95 ماسک پہن رہے ہیں، تو رہنمائی سے اسے اکیلے پہننے کی تجاویز ملتی ہیں۔

**سب کے لئے ویکسینز**

ویکسینز COVID-19 کا مقابلہ کرنے کا بہترین طریقہ ہیں، اور اب نیویارک شہر میں تین ویکسینز دستیاب ہیں۔ بہترین وہ ہے جو آپ کو میسر آ جائے۔ تمام TLC کے لائسنس یافتہ ڈرائیورز، نیز 60 سال یا اس سے زائد عمر کے نیویارک کے باشندگان COVID-19 کی ویکسین کے اہل ہیں۔ ویکسینز نیویارک کے شہریوں کو ان کی امیگریشن کی حیثیت سے بالاتر ہو کر دستیاب ہیں، اور آپ سے ویکسینیشن کے مقام پر کبھی بھی آپ کی حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھا جائے گا۔ آپ vaccinefinder.nyc.gov پر، یا 877-VAX-4NYC پر کال کر کے اپائنٹمنٹ لے سکتے ہیں۔

جس طرح نیویارک کے زدپذیر شہریوں کو غذائی اشیاء فراہم کر کے، TLC کے لائسنس یافتگان نے COVID-19 کا مقابلہ کیا، ویسے ہی TLC کے لائسنس یافتہ ڈرائیورز بھی اوّلین صف میں نظر آئے جو نرسوں کو گھروں پر محصور شہری باشندگان کی ویکسینیشن کے لئے لے جاتے رہے۔ ہم ان کی محنت کو نہایت سراہتے ہیں اور جسے بھی اپنے گھر میں ویکسین کی ضرورت ہو اسے https://forms.cityofnewyork.us/f/homebound پر اپائنٹمنٹ لینے کی ترغیب دیتے ہیں۔

اگرچہ نیویارک کے زیادہ تر باسی ویکسین لگواتے جا رہے ہیں، پھر بھی تمام TLC لائسنس یافتگان کے لئے ضروری ہے کہ وہ COVID-19 کا ٹیسٹ باقاعدگی سے کرواتے رہیں۔ NYC ٹیسٹ اینڈ ٹریس ( NYC Test and Trace) کے دستے کے ساتھ مشترکہ کوششیں جاری رکھ کر، TLC کے بیرونی امور نے بدھ، 17 مارچ کو، Harlem، بمقام Marcus Garvey Park بورو کی پانچویں تقریب کا انعقاد کیا ہے۔ تمام TLC لائسنس یافتگان کی تقریب میں شرکت کی خاطر موبائل COVID-19 ٹیسٹنگ، ذاتی حفاظتی ساز و سامان، اور دیگر وسائل دستیاب کیے گئے ہیں۔

آپ کا شکریہ،

Aloysee Heredia Jarmoszuk

کمشنر اور چئیر
NYC Taxi and Limousine Commission
33 Beaver Street, New York, NY 10004